# سوال نمبر 7216

## منجانب: محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ

## ممبر صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

<table dir="rtl">
<tr><th>شمار نمبر</th><th>سوال</th><th>جواب</th></tr>
<tr><td>الف</td><td>کیا وزیر ماحولیات و جنگلی حیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے۔<br><br>آیا یہ درست ہے کہ پشاور چڑیا گھر میں مختلف جنگلی حیات کی مختلف دنوں میں اموات ہوئیں ہیں؟</td><td>جی ہاں۔ پشاور چڑیا گھر میں بھی پاکستان اور دنیا کے دیگر چڑیا گھروں کی طرح اموات ہوئی ہیں۔ اِس بات کا اظہار بھی مناسب ہے کہ دنیا کے تمام چڑیا گھروں میں اموات اور پیدائش چڑیا گھر جیسی سہولیات کا خاصہ ہیں اور ساتھ ساتھ چلتی رہتی ہیں۔ مزید برآں پشاور چڑیا گھر میں اموات کی شرح دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کے چڑیا گھروں اور پاکستان میں پُرانے چڑیا گھروں کی نسبت انتہائی کم ہے اور مزید حوصلہ افزاء بات یہ ہے کہ کسی بھی چڑیا گھر کے بہتر انتظام وانصرام کا نتیجہ اُس چڑیا گھر میں موجود جانوروں اور پرندوں کی افزائش کا شروع ہونا ہے۔ ہم بڑے فخر سے کہہ سکتے ہیں کہ پشاور چریا گھر میں دنیا سے لائے گئے خطرے سے دوچار اقسام میں افزائش نسل کامیابی سے شروع کی ہے۔ اِن اقسام میں عربی ہرن، لاما، سرخ ہرن، ببر شیر، دو کوہان والے اُونٹ اور مختلف اقسام کے پرندے شامل ہیں۔ کامیاب افزائش نسل کا سلسلہ اس بات کی دلیل ہے کہ چڑیا گھر کا انتظام وانصرام نہایت مناسب اور احسن طریقے سے رکھا جارہا ہے۔ یہ بات بھی قابل فخر ہے کہ پشاور چڑیا گھر میں مختلف ٹھیکہ داروں کے ذریعے مختلف ممالک سے 91 جانور لائے گئے جن کی تعداد بڑھ کر 154 ہوگئی ہے۔</td></tr>
<tr><td>ب</td><td>اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو کل کتنے اور کون کونسے جانور اب تک موت کا شکار ہوئے ہیں اور اس کی وجوہات کیا تھیں؟ اس سے حکومت کو کل کتنا مالی نقصان اُٹھانا پڑا اور کیا غفلت کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل گئی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔</td><td>پشاور چڑیا گھر میں حالیہ دوران سال 2020-19 درج ذیل جانوروں کی اموات ہوئی ہیں۔<br>
<table dir="ltr">
<tr><th>S#</th><th>Animal name</th><th>No.</th><th>Cause of mortality</th></tr>
<tr><td>01</td><td>Giraffe</td><td>03</td><td>Shooting diarrhea</td></tr>
<tr><td>02</td><td>Black buck</td><td>01</td><td>Infection</td></tr>
<tr><td>03</td><td>Leopard</td><td>01</td><td>Hemorrhagic, necrotic foci</td></tr>
<tr><td>04</td><td>Markhor</td><td>01</td><td>Strike with fence</td></tr>
<tr><td>05</td><td>Zebra</td><td>01</td><td>Strike with fence</td></tr>
<tr><td>06</td><td>Wolf</td><td>01</td><td>Injured in wild and shifted to zoo for treatment</td></tr>
<tr><td>07</td><td>Chinkara</td><td>01</td><td>In Fighting and head injury</td></tr>
</table>
</td></tr>
</table>

مختلف قسم کی انکوائریوں سے ثابت ہوا ہے کہ متعلقہ سٹاف نے پوری تندہی سے جانوروں کی صحت کا خیال رکھا ہے اور علاج کرتے رہے ہیں۔ انکوائریوں کے دوران کسی کمی بیشی کی صورت میں متعلقہ عملے نے فوراً تصحیح کی ہے۔ پشاور چڑیا گھر میں جانوروں کے بہتر انتظام و انصرام کیلئے درج ذیل اقدامات کئے گئے ہیں جو اس بات کی دلیل ہے کہ محکمہ اپنی تمام پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لا رہا ہے۔

(الف)۔ تمام جانوروں کے کلوژرز بین الاقوامی معیار کے مطابق بنائے گئے ہیں اور ہر طرح سے خیال رکھا گیا ہے کہ اِن جانوروں اور پرندوں کی صحت، خوراک و آرام اور فلاح و بہبود کو یقینی بنایا جائے۔

(ب)۔ صحت کی دیکھ بھال کیلئے نہایت تعلیم یافتہ ڈاکٹر اور اُس کا سٹاف تعینات ہے۔ یہ ڈاکٹر اپنی فیلڈ میں ایم فل ڈگری ہولڈر ہے اور جنگلی جانوروں اور پرندوں کے علاج کا تجربہ رکھتا ہے۔ بعینی دو اسسٹنٹ جو کہ ایم فل اور ڈی وی ایم کے ڈگریاں رکھتے ہیں۔ اس سٹاف کی تعلیم اور تجربہ کے پیشِ نظر پاکستان کے دیگر چڑیا گھروں سے متعلقہ سٹاف رابطوں میں رہتا ہے اور مشورے حاصل کرتا ہے۔ مزید برآں ویٹرنری سٹاف کیلئے بیرونِ ملک تربیت کا بھی اہتمام زیرِ غور ہے۔

(ج)۔ تمام نئے کیپرز کو لاہور چڑیا گھر کے سٹاف سے تقریباً تین ہفتوں کی ٹریننگ کروائی گئی ہے۔ تاہم اس امر کو بتانا بھی ضروری ہے کہ لاہور چڑیا گھر کی انتظامیہ نے بھی ہمارے کیپرز کو سراہا ہے۔

(د)۔ پشاور چڑیا گھر نے تمام معمول کے کاموں جیسا کہ صحت، ادویات کا استعمال، خوراک اور دیگر روزانہ کے کاموں کیلئے سٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز بنائے ہوئے ہیں جو کہ پورے ملک کے پرانے چڑیا گھروں کیلئے بھی ایک تقلید ہے اور ان کا مطالبہ ہے کہ یہ سٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز ان کو بھی مہیا کیئے جائیں تاکہ وہ اپنی سہولیات کیلئے بھی بنا سکیں۔

(ر)۔ چڑیا گھر کے جانوروں اور پرندوں کی حفظانِ صحت کے مطابق متوازن خوراک کا بندوبست کیا گیا ہے ساتھ ہی ہر جانور کیلئے ایک متوازن خوراک کی شرح کا بھی تعین کیا گیا ہے اور تمام احتیاطی تدابیر کا خیال رکھا گیا ہے۔ اِس طرح کی متوازن خوراک اور بہتر معیار بھی باقی چڑیا گھروں کیلئے باعثِ تقلید ہے۔

(ز)۔ پشاور چڑیا گھر میں ایک بنیادی لیبارٹری کا قیام عمل میں لایا ہوا ہے جس سے معمول کی تشخیص اور علاج کیا جاتا ہے جبکہ مکمل ویٹرنری ہسپتال زیرِ تعمیر ہے جس کے بعد جانوروں کی صحت کا انتظام یقیناً مزید بہتر ہو سکے گا۔

تخمینہ کے حوالے سے یہ بات ضروری ہے کہ جیسا کہ اُوپر بیان کیا گیا ہے کہ افزائش کے ذریعے مختلف قسم کے خطرے سے دوچار درج ذیل جانور پیدا ہوئے ہیں جن کی تعداد اموات سے کہیں زیادہ ہے۔

| S.NO | DATE | Name of ANIMAL SPECIE | GENDER | REMARKS |
|---|---|---|---|---|
| 1. | 13/05/2018 | Blue Bull | Female | Calf is healthy |
| 2. | 09/07/2018 | Hog Deer | Male | Calf is healthy |


C:\Users\SOG\Downloads\Final.doc

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 3. | 16/07/2018 | Bactrian Camel | Female | Healthy birth | | | |
| 4. | 20/09/2018 | Black Bluck | Female | Calf is Healthy | | | |
| 5. | 19/10/2018 | Llama | Female | Calf is Healthy | | | |
| 6. | 26/11/2018 | Rhesus Monkey | Male | Healthy birth | | | |
| 7. | 01/02/2019 | Arabian Oryx | male | Calf is Healthy | | | |
| 8. | 18/03/2019 | Spotted Dear | Female | Calf is Healthy | | | |
| 9. | 02/04/2019 | Hog Deer | Male | Calf is Healthy | | | |
| 10 | 06/04/2019 | Arabian Oryx | Female | Calf is Healthy | | | |
| 11 | 05/04/2019 | Bactrian Camel | Female | Calf is Healthy | | | |
| 12 | 19/04/2019 | Arabian Oryx | male | Calf is Healthy | | | |
| 13 | 06/05/2019 | Grey goral | female | Calf is Healthy | | | |
| 14 | 01/05/2019 | Chinkara | Female | Calf is Healthy | | | |
| 15 | 04/05/2019 | Hog Deer | Male | Calf is Healthy | | | |
| 16 | 21/05/2019 | Samber Deer | Female | Calf is Healthy | | | |
| 17 | 22/05/2019 | Chinkara | Female | Calf is Healthy | | | |
| 18 | 28/05/2019 | Samber Deer | Female | Calf is Healthy | | | |
| 19 | 02/06/2019 | Fallow Deer | Male | Calf is Healthy | | | |
| 20 | 05/06/2019 | African Lion | male | Cub is Healthy | | | |
| 21 | 06/06/2019 | African Lion | female | Cub is Healthy | | | |
| 22 | 09/06/2019 | Fallow Deer | Male | Calf is Healthy | | | |
| 23 | 04/07/2019 | Chinkara | Male | Calf is Healthy | | | |
| 24 | 15/07/2019 | Fallow Deer | Male | Calf is not healthy | | | |
| 25 | 29/07/2019 | Samber Deer | Female | Calf is healthy | | | |



C:\Users\SOG\Downloads\Final.doc

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 26. | 10/08/2019 | Hog deer | Female | Calf is healthy | | | |
| 27. | 18/12/2019 | Spotted Deer | Female | Calf is healthy | | | |
| 28. | 05/01/2020 | Llama | Female | Calf is healthy | | | |
| 29. | 28/01/2020 | Llama | Female | Calf is healthy | | | |
| 30. | 08/02/2020 | Arabian Oryx | Female | Calf is healthy | | | |
| 31. | 06/03/2020 | Bacterian Camel | Male | Weak birth | | | |
| 32. | 18/03/2020 | Bacterian Camel | Female | Healthy Calf | | | |
| 33. | 27/03/2020 | Arabian Oryx | Male | Weak Calf | | | |
| 34. | 05/04/2020 | Hog deer | Male | Healthy Calf | | | |
| 35. | 15/04/2020 | Punch face Cat | Male | Healthy Kitten | | | |
| 36. | 15/04/2020 | Punch face cat | Female | Healthy kitten | | | |
| 37. | 23/04/2020 | Rhesus Monkey | Female | Healthy Calf | | | |
| 38. | 26/05/2020 | Chinkara | Female | Weak Calf | | | |
| 39. | 27/05/2020 | Samber Deer | Female | Healthy Calf | | | |
| 40. | 28/05/2020 | Hog Deer | Male | Healthy Calf | | | |
| 41. | 29/05/2020 | Samber Deer | Male | Weak Calf | | | |
| 42. | 30/05/2020 | Llama | Female | Healthy Calf | | | |
| 43. | 05/06/2020 | Fallow Deer | Female | Healthy calf | | | |
| 44 | 14/06/2020 | Samber/ Red Deer | Male | Healthy Calf | | | |
| 45 | 16/06/2020 | Arabian Oryx | Male | Healthy Calf | | | |
| 46 | 21/06/2020 | Fallow Deer | Male | Healthy Calf | | | |
| 47 | 23/06/2020 | Grey goral | Male | Healthy Calf | | | |
| 48 | 27/06/2020 | Arabian Oryx | Female | Healthy Calf | | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 49 | 28/06/2020 | Arabian Oryx | Male | Healthy Calf | | | |
| 50 | 29/06/2020 | Arabian Oryx | Male | Healthy calf | | | |
| 51 | 01/08/2020 | Hog Deer | Male | Healthy calf | | | |